**15-06-2024**

**08.30 Hrs**

**HL-Opening**

آکاشوانی سے پیش ہے خبرنامہ

آداب: خبرنامے کے ساتھ میں فہیم احمد

پہلے اِس وقت کی خاص خبریں

-------------------------------------------------------------

1- وزیر اعظم نریندر مودی نے عالمی جنوب، خاص طور پر افریقہ کی تشویش کو، ترجیح دینے کے لیے کہا ہے۔ جناب مودی نے G7 سربراہ کانفرنس سے الگ، اٹلی اور جاپان کے وزراءِ اعظم سے دو طرفہ ملاقاتیں کیں۔

2- یونورسٹی گرانٹس کمیشن نے اعلیٰ تعلیمی اداروں کے لیے، فیس واپسی کی نئی پالیسی کا اعلان کیا ہے۔

3- بھارت کے غیر ملکی زرِ مبادلہ میں اب تک کا سب سے زیادہ اضافہ ہو کر یہ 655 ارب 81 کروڑ 70 لاکھ امریکی ڈالر تک پہنچ گیا ہے۔

4- 18واں ممبئی بین الاقوامی فلم فیسٹیول آج سے ممبئی میں شروع ہو رہا ہے۔

5- اور

ICCمردوں کے ٹی-20 عالمی کپ کرکٹ میں آج شام فلوریڈا میں، گروپ مرحلے کے آخری میچ میں، بھارت کا مقابلہ کینیڈا سے ہوگا۔

اب خبریں تفصیل سے۔

**PM G7 Summit**

وزیراعظم نریندر مودی نے، عالمی جنوب/ خاص طور پر افریقہ کی تشویش کو، ترجیح دینے کے لیے کہا ہے۔ کَل اٹلی کے Apulia خطے میں G7 سربراہ کانفرنس میں Outreach جلسے سے خطاب کرتے ہوئے جناب مودی نے کہا کہ یہ بھارت کے لیے اعزاز کی بات ہے کہ افریقی یونین کو، بھارت کی G-20 صدارت کے دوران، G-20کے ایک مستقل رکن کی حیثیت دی گئی۔

جناب مودی نے بھارت کی توانائی کی ترسیل کے راستے کی وضاحت کی۔ انھوں نے کہا کہ اُس کا طریقِ کار دستیابی، رسائی، کم خرچ اور تسلیم شدگی پر مبنی ہے۔ انھوں نے یہ بھی کہا کہ بھارت، 2070 تک، مضرِ صحت گیسوں کے اخراج کو مکمل طور پر ختم کرنے کے مقصد کی جانب کام کر رہا ہے۔

بھارت کے Mission LiFE کی طرف اشارہ کرتے ہوئے انھوں نے عالمی برادری سے کہا کہ وہ ماحولیات کے عالمی دن کے موقع پر اُن کی طرف سے شروع کی گئی درخت کاری کی مہم Plant4motherمیں حصہ لیں اور اِسے ذاتی دلچسپی اور عالمی ذمہ داری کے تحت ایک عوامی تحریک کی شکل دیں۔

بھارت کے AI مشن"AI for All" کا ذکر کرتے ہوئے وزیراعظم نے زور دے کر کہا کہ اِس ٹیکنالوجی کا مقصد سبھی کی ترقی اور خوشحالی ہونا چاہیے۔ انھوں نے خاص طور پر کہا کہ بھارت، AIکے لیے عالمی شراکت داری کے ایک بانی رکن کے طور پر، بین الاقوامی اشتراک کو فروغ دے رہا ہے۔

وزیراعظم مودی نے گروپ کو اس کی 50ویں سالگرہ پر مبارکباد دی۔ انھوں نے کہا کہ یہ اُن کے لیے بڑی خوشی کی بات ہے کہ وہ بنی نوع انسان کی تاریخ میں دنیا کے سب سے بڑے جمہوری نظام کے تحت، خود کو ایک بار پھر منتخب کیے جانے کے بعد اِس سربراہ کانفرنس میں شرکت کر رہے ہیں۔ اُنھوں نے کہا کہ ایک کامیاب ٹیکنالوجی کے لیے، اِس ٹیکنالوجی کو، انسانیت پر مرکوز نظریے کے تحت لانا ہوگا۔ انھوں نے عوامی خدمات کے لیے ڈجیٹل ٹیکنالوجی کو فروغ دینے میں، بھارت کی کامیابی کا ذکر کیا۔

اٹلی کی وزیراعظم نے اپنے افتتاحی کلمات میں کہا کہ وہ G7 اور اٹلی کی صدارت کی طرف سے ایک واضح پیغام دینا چاہتی ہیں کہ وہ اُس بیانیے کو کبھی تسلیم نہیں کریں گی جس میں مغرب کو، باقی دنیا کے برخلاف پیش کیا گیا ہے۔ انھوں نے کہا کہ عالمی چیلنجوں سے اُسی وقت نمٹا جا سکتا ہے کہ جب ممالک، ایک دوسرے کا احترام کرتے ہوئے یکساں طور پر ایک دوسرے کے ساتھ تعاون کریں۔

انھوں نے خاص طور پر کہا کہ یہ Outreach جلسہ، اُن چیلنجوں کے نام ہے، جو کافی متاثر کُن ہیں اور جن میں مصنوعی ذہانتAI، توانائی، افریقہ اور بحیرۂ روم خطے کے ممالک بھی شامل ہیں۔x

PM Itlian PM

وزیراعظم نریندر مودی نے اٹلی کے خطے اپولیا میں G7 سربراہ کانفرنس سے الگ، اٹلی کی اپنی ہم منصب Giorgia Meloni سے دو طرفہ ملاقات کی۔ دونوں رہنماؤں نے دفاع اور سلامتی کے شعبوں میں دو طرفہ تعاون پر تبادلہ خیال کیا اور دفاعی صنعت کے شعبے میں اشتراک کو مزید فروغ دینے کی امید ظاہر کی۔ انھوں نے بھارت۔اٹلی دفاعی شراکت داری کی پیش رفت کا بھی جائزہ لیا۔

انھوں نے صاف ستھری توانائی، مصنوعات سازی، خلا، سائنس و ٹیکنالوجی، ٹیلی مواصلات، AI، اور اہم معدنیات کے میدانوں میں تجارتی تعلقات میں اضافے کے لیے کہا، تاکہ حالات سے مطابقت رکھنے والی سپلائی چین تشکیل دی جا سکے۔ اِس سلسلے میں انھوں نے صنعتی حقوقِ املاک سے متعلق طے کیے گئے ایک مفاہمت نامے کا خیر مقدم کیا، جس میںPatents ، ڈیزائن اور ٹریڈ مارک سے متعلق تعاون کے لیے ایک خاکہ فراہم کیا گیا ہے۔

دونوں رہنماؤں نے توانائی کی ترسیل میں تعاون کے لیے، آمادگی کے دستاویز پر دستخط کیے جانے کا خیر مقدم کیا جس سے صاف ستھری اور ماحول کے لیے سازگار توانائی کے شعبے میں دو طرفہ تعاون کو فروغ حاصل ہوگا۔

انھوں نے اہم علاقائی اور عالمی معاملات پر بھی بات چیت کی۔ انھوں نے عالمی سطح پر تعاون نیز کثیر ملکی اقدامات کو مستحکم بنانے سے اتفاق کیا، جن میں بھارت۔مشرقِ وسطیٰ، مشرق۔یورپ اقتصادی راہداری بھی شامل ہے۔

اٹلی کی وزیراعظم نے جناب مودی کو لگاتار تیسری مدت کے لیے وزیراعظم منتخب کیے جانے پر مبارکبادی دی۔ دونوں رہنماؤں نے مائیگریشن اور لوگوں کی نقل و حرکت سے متعلق معاہدے پر، جلد از جلد عمل درآمد کے لیے کہا۔ اِس سے پیشہ ور، ہنرمند اور نیم ہنرمند کارکنوں، طلبا اور محققین کی آمدروفت میں سہولت پیدا ہوگی۔

اِس سے پہلے دن میں جناب مودی نے برطانیہ کے وزیراعظم رِشی سُنک، فرانس کے وزیراعظم Emmanuel Macron اور یوکرین کے صدر وولودومیر زیلنسکی سے بھی دو طرفہ ملاقاتیں کی تھیں۔

وزیراعظم نے سربراہ کانفرنس سے الگ بہت سے عالمی رہنماؤں سے بھی ملاقات کی، جن میں امریکی صدر جوبائیڈن بھی شامل ہیں۔ جناب مودی نے ایک سوشل میڈیا پوسٹ میں کہا کہ بھارت اور امریکہ دنیا کی اور زیادہ بھلائی کے لیے مل کر کام کرتے رہیں گے۔

انھوں نے اردن کے شاہ عبد اللہ دوئم سے بھی ملاقات کی۔ انھوں نے کہا کہ بھارت، اُردن سے اپنے مضبوط تعلقات کی قدر کرتا ہے۔

انھوں نے پوپ فرانسز سے بھی ملاقات کی۔ وزیراعظم نے کہا کہ وہ لوگوں کی خدمت اور کرہ ارض کی بہتری کے تئیں، پوپ کے عزم کو سراہتے ہیں۔

وزیراعظم مودی نے کانفرنس سے الگ، اقوام متحدہ کے سکریٹری جنرل انتونیو گُتریش، برازیل کے صدر لولا دَا سلوا، ترکیے کے صدر رجب طیب اردغان، متحدہ عرب امارات کے صدر محمد بن زائد النہیان اور کینیڈا کے وزیراعظم جَسٹِن ٹروڈو سے بھی ملاقات کی۔x

**PM Japan**

وزیراعظم نریندر نے اٹلی کے Apulia میں جاری G-7 چوٹی کانفرنس کے پس منظر میں جاپان کے وزیراعظم فومیوکشیدا سے دوطرفہ ملاقات کی۔ اس درمیان وزیراعظم مودی نے کہا کہ ان کی تیسری مدت کار کے دوران جاپان کے ساتھ دوطرفہ تعلقات کو ترجیح دی جاتی رہے گی۔ بھارت اور جاپان، ممبئی-احمدآباد ہائی اسپیڈ ریل پروجیکٹ اور بھارت-جاپان صنعتی مسابقتی ساجھیداری سمیت کئی اہم شعبوں میں اشتراک کررہے ہیں۔ دوونوں وزرائے اعظم کے درمیان ہوئی اس ملاقات سے دونوں ملکوں کے درمیان جاری اشتراک کے کاموں کا جائزہ لینے کے مواقع فراہم ہوئے ہیں۔x

**UGC Refund Polity**

اعلیٰ تعلیمی اداروں کو، داخلے کی منسوخی یا ایک کالج سے دوسرے کالج میں منتقلی کی صورت میں، فیس کی وہ پوری رقم واپس کرنا ہوگی، جو اُنھوں نے اِس سال ستمبر تک کے داخلوں کے لیے حاصل کی ہے۔

یونیورسٹی گرانٹس کمیشن UGC نے یہ اعلان 2024-25 کے تعلیمی سال کی نئی، فیس ریفنڈ پالیسی میں کیا ہے۔ یہ فیصلہ، طلبا اور اُن کے والدین کی طرف سے اِن شکایتوں کو دور کرنے کے مقصد سے کیا گیا ہے کہ انھیں داخلے کی منسوخی پر، فیس واپس نہیں کی جاتی۔

اِس پالیسی کا اطلاق، مرکزی یا ریاستی قانون کے تحت اُن سبھی اعلیٰ تعلیمی اداروں پر ہوگا جو UGC کی طرف سے تسلیم شدہ ہیں یا یہ Deemed یونیورسٹیز ہیں یا یہ داخلوں سے متعلق مشوروں میں شامل تنظیمیں ہیں۔

اعلیٰ تعلیمی ضابطہ کار ادارے نے یہ بھی کہا کہ اِس سال 30 ستمبر کے بعد اور 31 اکتوبر تک فیس کی یہ رقم، پروسیسنگ فیس کے طور پر، کٹوتی کے ساتھ واپس کی جا سکتی ہے اور کٹوتی کی یہ رقم ایک ہزار روپے سے زیادہ نہیں ہونی چاہیے۔ UGC نے یہ بھی کہا ہے کہ اُن داخلوں پر جو 31 اکتوبر کے بعد ہوئے ہیں، اُن پر اکتوبر 2018 کے ضابطے لاگو ہوں گے۔

اِس پالیسی کی خلاف ورزی کرنے والے ادارے 2018 کے نوٹیفکیشن میں بیان کیے گئے ضابطوں کے تحت سزاوار ہوں گے۔x

**Prez Raja Parb**

صدرِ جمہوریہ دروپدی مرمو نے کَل نئی دلی میں راشٹرپتی بھون میں راجا پَرب کی تقریبات میں شرکت کی۔ اِس موقع پر وہ ثقافتی پروگراموں سے محظوظ ہوئیں جن میں راجا گیت اور میور بھنج چھاؤ رقص، سَمبَل پوری رقص اور کَرما رقص بھی شامل ہیں۔

**SB/- New Rajaparab Music**

یہ پہلا موقع ہے جب راجا پَرب کی تقریب راشٹرپتی بھون میں منائی گئی۔ اِس تقریب میں اڑیسہ کی ثقافت اور طرزِ حیات کی جھلکیاں پیش کی گئیں۔

یہ تین روزہ ثقافتی تہوار مانسون کی آمد پر منایا جاتا ہے۔x

**Forex Reserves**

بھارت کے غیر ملکی زرِ مبادلہ کے ذخیروں میں، سات جون کو ختم ہونے والے ہفتے میں چار ارب 30کروڑ 70 لاکھ امریکی ڈالر کا، اب تک کا سب سے زیادہ اضافہ ہوا ہے۔ اب یہ زرِ مبادلہ 655 ارب 81 کروڑ 70 لاکھ ڈالر کا ہو گیا۔ اِن ذخیروں میں پچھلے ہفتے چار ارب 83 کروڑ 70 لاکھ ڈالر کا اضافہ ہو کر یہ 651 ارب 51 کروڑ امریکی ڈالر ہو گئے تھے۔x

**Urdu MIff**

ممبئی میں آج سات روزہ اٹھارہویں ممبئی بین الاقوامی فلم فیسٹول، 2024 (MIFF)کا آغاز ہورہا ہے۔ اس کا آغاز Charlie Hamilton-Jamesکی ہدایت کاری والی فلم Billy and Molly: An Otter Love Storyکے بھارتی پریمیئر سے ہوگا۔اس سال کےMIFF میں 61 زبانوں میں 59 ملکوں کی 314 فلمیں دکھائی جائیں گی۔

**VC- Sweety Jain**

ممبئی میں آج نیشنل جیوگرافک کی دستاویزی فلم Billy and Molly: An Otter Love Storyکی نمائش کے ساتھ اٹھارہویں ممبئی بین الاقوامی فلم فیسٹولMIFF کا آغاز ہورہا ہے۔ ساتھ ہی اس فلم کی نمائش دلی، کولکاتہ، چنئی اور پونے میں ہوگی۔ مسابقتی زمرے کیلئے ایک ہزار اٹھارہ کی ریکارڈ تعداد میں فلموں کی انٹری ہوئی ہے۔ بین الاقوامی اور قومی مسابقتی زمروں کیلئے معروف فلم ماہرین پر مشتمل تین سلیکشن کمیٹیوں کے ذریعہ 118فلمیں منتخب کی گئی ہیں۔

اس سال کےMIFF میں 61 زبانوں میں 59 ملکوں کی 314 فلموں کی نمائش ہوگی۔ ان میں آٹھ عالمی پریمیئرز، پانچ بین الاقوامی پریمیئرز، اٹھارہ ایشیا پریمیئرز اور 21بھارتی پریمیئرز شامل ہیں۔

اس سال کے فیسٹول میں پہلی بار ڈاکیومنٹری Film Bazaar متعارف کرایا جارہا ہے۔ معروف فلم ساز 25 سے زیادہ ماسٹر کلاس، پینل مباحثے اور مخصوص موضوعات پر اوپن فورم میں حصہ لیں گے۔ ایک سینئر وارنر بردر اینی میٹر کے ذریعے Animation اور VFX پرایک ورکشاپ کا بھی اہتمام کیاگیاہے۔

ممبئی سے سویٹی جین کی رپورٹ کے ساتھ خبرنامے کیلئے میں ضمیررضوی

یہ خبرنامہ آکاشوانی سے نشر کیا جارہا ہے۔

**MP Mango Festival**

مدھیہ پردیش کی راجدھانی بھوپال میں نابارڈ کی جانب سے منعقد کیا جارہا آموں کا میلہ شروع ہوگیاہے۔ اس میلے میں قدرتی طورپر اُگائے گئے آموں کی نمائش ہوگی جہاں دو درجن سے زیادہ آموں کی قسمیں پیش کی جارہی ہیں۔ یہ میلہ 18 جون تک جاری رہے گا۔

مزید تفصیل ہمارے نامہ نگار سے

**VC- Sanjeev Sharma**

آموں کے اس میلے میں آموں کی مختلف اقسام کی نمائش کی جارہی ہے جن میں زردآلو، امرپالی، طوطاپری، کیسر، راجہ پوری اور سندرجہ شامل ہیں جو کہ مدھیہ پردیش کی پہچان بن گئے ہیں۔ نابارڈ بھوپال کے ڈپٹی جنرل منیجر اویناش سیوالکر نے بتایا کہ آموں کے اس میلے میں ریاست کے مختلف ضلعوں کے کسان مختلف قسم کے آموں کے ساتھ حصہ لینے پہنچے ہیں۔مدھیہ پردیش کا سندرجہ آم ان لوگوں کیلئے ہے جو ذیابیطس کا شکار ہیں۔ اس آم میں شکر کی مقدار پانچ فیصد سے بھی کم ہوتی ہے۔ اس آم کو اپنی خوشبو اور خصوصیات کی وجہ سے جی آئی ٹیگ بھی مل چکا ہے۔ اس میلے میں نورجہاں آم بھی خریدا جاسکتا ہے جس کی قیمت قریب دوہزار روپے کلو ہے۔

اس قسم کے ایک آم کا وزن دو سے چار کلو ہوتا ہے اور یہ ملک میں صرف مدھیہ پردیش کے علی راج پور ضلعے میں ہی اُگائے جاتے ہیں۔

بھوپال سے سنجیوشرما کی رپورٹ کے ساتھ خبرنامے کیلئے میں اسلم بیگ

**HAJ**

بھارت سمیت دنیا بھر کے 20 لاکھ سے زیادہ لوگ آج سعودی عرب میں فریضہٴ حج ادا کریں گے۔ پانچ روزہ مناسک حج کا آغاز کرتے ہوئے عازمینِ حج کَل خیموں کے شہر مِنیٰ میں جمع ہوئے۔ اِن لوگوں نے آج سب سے پہلے فجر کی نماز ادا کی، جس کے بعد یہ لوگ حج کے اصل رکن کی ادائیگی کے لیے عرفات کے میدان روانہ ہوجائیں گے۔ یہ لوگ اپنا پورا دن یہاں پر دعائیں کرتے ہوئے اور گناہوں کی معافی مانگتے ہوئے گزاریں گے۔

**T20 World Cup**

مردوں کے ICC ٹی ٹوئنٹی عالمی کپ کرکٹ میں کل امریکہ اور آئرلینڈ کے درمیان میچ بارش کی وجہ سے رد ہونے کے سبب امریکہ سپر آٹھ مرحلے میں پہنچ گیاہے۔ کرکٹ کی تاریخ میں پہلی بار ہے جب امریکہ اس مرحلے میں پہنچا ہے۔ امریکہ گروپ اے سے بھارت کے بعد اگلے مرحلے

میں پہنچنے والی دوسری ٹیم بن گئی ہے۔ سابق چمپئن پاکستان اور آئرلینڈ سپرآٹھ مقابلے سے باہرہوگئی ہیں۔

آج فلوریڈا کے Central Broward پارک اسٹیڈیم میں بھارت کا مقابلہ اپنے آخری گروپ مرحلے کے میچ میں بھارتی وقت کے مطابق رات آٹھ بجے کنیڈا سے ہوگا۔×

یہ تھی خبریں

PRESS COMMENTS

اب اخبارات کے آئینہ کے ساتھ ہیں: ......ضمیرالدین رضوی

شکریہ - فہیم

راجدھانی دلی سے آج شائع ہونے والے اردو اخبارات نے مختلف خبروں کو نمایاں جگہ دی ہے۔روزنامہ انقلاب نے اٹلی میں جاری G-7 سربراہ کانفرنس کے دوران وزیراعظم مودی کی عالمی رہنماؤں سے ملاقات کی خبر کو پہلے صفحہ پر جگہ دی ہے۔اخبار کے مطابق وزیراعظم نے فرانس، انگلینڈ اور یوکرین کے سربراہان مملکت سے ملاقات کی۔

روزنامہ راشٹریہ سہارا نے سعودی عرب میں مناسک حج کے آغاز کی خبر کو پہلے صفحے پر شہ سرخی بنایاہے۔ اخبار نے لکھاہے کہ عازمین حج خانہ کعبہ میں نماز فجر ادا کرنے کے بعد احرام باندھ کرمنیٰ پہنچ گئے ہیں۔حج کا رکن اعظم وقوف عرفہ آج ہوگا۔

روزنامہ پرتاپ نے مرکزی وزیر تعلیم دھرمیندر پردھان کی اس یقین دہانی کو اپنی شہ سرخی بنایاہے جس میں انہوں نے کہاہے کہ نیٹ امتحان کے متاثرہ طلبہ کی تمام پریشانیوں کو منصفانہ طورپر دور کیا جائے گا۔ جناب پردھان نے X پر لکھا ہے کہ NTA سپریم کورٹ کی ہدایات پر عمل کرتے ہوئے مناسب کارروائی کیلئے پرعزم ہے۔

روزنامہ ملاپ نے کویت میں آگ لگ جانے کے سانحے میں جان گنوانے والے بھارتیوں کے جسدخاکی ملک لائے جانے کی خبر کو صفحہ اول پر جگہ دی ہے۔ اخبار کے مطابق بھارتیہ فضائیہ کا طیارہ 45 بھارتیوں کی لاشیں لے کر کل کوچی ہوائی اڈے پر اترا۔

روزنامہ ہندوستان ایکسپریس نے ٹی ٹوئنٹی کرکٹ عالمی کپ میں افغانستان کے ذریعے پاپوا نیوگنی کو ہرانے کی خبر کو کھیلوں کے صفحے پر جگہ دی ہے۔ افغانستان نے پاپوا نیوگنی کو سات وکٹ سے ہراکر سپر 8 میں جگہ بنائی ہے۔

آخر میں خاص خاص خبریں ایک بار پھر

1. وزیر اعظم نریندر مودی نے عالمی جنوب، خاص طور پر افریقہ کی تشویش کو، ترجیح دینے کے لیے کہا ہے۔ جناب مودی نے G7 سربراہ کانفرنس سے الگ، اٹلی اور جاپان کے وزراءِ اعظم سے دو طرفہ ملاقاتیں کیں۔

2. یونورسٹی گرانٹس کمیشن نے اعلیٰ تعلیمی اداروں کے لیے، فیس واپسی کی نئی پالیسی کا اعلان کیا ہے۔

3. بھارت کے غیر ملکی زرِ مبادلہ میں اب تک کا سب سے زیادہ اضافہ ہو کر یہ 655 ارب 81 کروڑ 70 لاکھ امریکی ڈالر تک پہنچ گیا ہے۔

4.  18واں ممبئی بین الاقوامی فلم فیسٹیول آج سے ممبئی میں شروع ہو رہا ہے۔

5.  اور

ICCمردوں کے ٹی-20 عالمی کپ کرکٹ میں آج شام فلوریڈا میں، گروپ مرحلے کے آخری میچ میں، بھارت کا مقابلہ کینیڈا سے ہوگا۔

اسی کے ساتھ یہ خبر نامہ ختم ہوا

-----------------------------------